# TECHNICAL BIDS EVALUATION CRITERIA FOR HOSPITAL MAIN CANTEEN

| S.No | Parameters | Detail/Supporting Documents | Remarks |
|---|---|---|---|
| 1 | Mandatory Documents | 1. Registration Certificate for NTN, STRN, KTN.<br>2. Status on ATL for NTN & KTN<br>3. Registration with Food Authority<br>4. Last 03 years bank statement showing 05 Million credit transactions.<br>5. Duly attested Affidavit on judicial paper stating that the company/firm has never been blacklisted anywhere in Pakistan and the CDR equal to 3 months' rent is attached with the financial bid.<br>6. Three years verifiable experience of similar nature in a reputed Government/Private institution having minimum 300 employees with documentary evidence. | Bids without mandatory documents shall not be considered for evaluation. |

| S.No | Parameters | Details/Supporting Documents | Total Marks | Remarks |
|---|---|---|---|---|
| 02 | Financial Strength | Bank statement of last 03 years showing credit transactions<br>06 to 10 Million = 03 Marks<br>Above 10 Million = 05 Marks | 05 | Please Attach last 03 years Bank Statement |
| 03 | Completed Contracts | Similar contracts completed in last 10 years<br>04 Marks for each Contract | 20 | Please attach work orders/agreements/satisfactory reports |
| 04 | Contracts In Hand | No. of similar contracts in hand.<br>02 Marks for each Contract | 10 | Please attach work orders/agreements |
| 05 | Renovation Plan | 15 Marks will be awarded to the bidders who agrees to renovate the canteen as per renovation plan | 15 | Please provide judicial stamp paper regarding execution of the plan |

Qualifying Marks: Bids scoring 70% (35/50) Marks shall be declared as Technically Responsive Bids. The financial bids of technically responsive bids will be opened publicly at a time to be announced by the Procuring Entity and the financial bids of the technically non-responsive shall be returned un-opened to the respective Bidders.

**The contractor will ensure following.**

**SPECIFIC Terms and Conditions.**

1. Five(05) Experienced Cooks/chef = 03 for peak hours and 02 for off times on daily basis.
2. Waiters = one for five tables during peak hours and one for ten tables for off times on daily basis.
3. Kitchen helpers = 02 for each shift on daily basis.
4. Dish cleaners = 02 for each shift on daily basis.
5. Sweepers for customer areas = 02 for peak hours and one for off times on daily basis.
6. Fifty(50) Tables and Two Hundred(200) Chairs as per capacity of space on daily basis.
7. Two Hundred (200) dinning Plates, quarter plates, spoons, cups, Glasses and fifty(50)Jugs of appropriate standard
8. Tissue papers on each table every day
9. Three standing Two Ton Air Conditioners ,Eight(08) double plate Heaters , cooling & ventilation system in customer area in proper working condition
10. Air fresheners
11. Television of appropriate size with sports & news channels in proper working condition.
12. Refrigerators & deep freezers in proper working condition
13. Cookery items of appropriate quantity and quality without any breakage.
14. Health certificate of all staff from ATH at the start of contract (including but not limited to Hep B and C, HIV, TB, Syphilis serology).
15. 6 monthly complete medical checkup of all employees
16. Mosquito repellent Electric 24 inches in proper working condition.

17. There shall be an oversight manager appointed by the Hospital Director to ensure that all above clauses shall be adhered in true letter & spirit, the failure of which shall be in the first instance, be communicated to vendor (party II) & subsequently if the discrepancy continues, shall be liable to a penalty as prescribe in the above clauses or as deemed appropriate by Hospital Director
18. If the contractor left the contract without completion, the CDR amount will be confiscated in favour of institution, as penalty**.**
19. All taxes, from time to time enhanced by the GOVT shall be admissible/deducted.
20. Any breach of clause in the bidding documents or agreement by the contractor will result in a fine of Rs. 10,000 per instance, along with a formal warning issued to the contractor.
21. If three consecutive warnings are issued to the contractor, it will result in the forfeiture of the CDR and termination of the contract.

| | | |
|---|---|---|
| Dr. Sona Khan<br>Head of Pharmacy Deptt:<br>Member | Wasir khan<br>Procurement officer AMC<br>Member | Murtaza khan<br>Incharge procurement ATH<br>Member |

| | |
|---|---|
| Asso: Prof. Dr. Tariq Abbasi<br>**Chairman** | Hospital Director<br>ATH, Abbottabad |

proposal 2

# میڈیکل ٹیچنگ انسٹیٹیوٹ

ایوب ٹیچنگ ہسپتال ایبٹ آباد

ایوب ٹیچنگ ہسپتال ایبٹ آباد کو اپنے مندرجہ ذیل موجودہ کینٹین کو چلانے کیلئے کنٹریکٹ کے لئے سربمہر بزریعہ ڈاک و کوریئر سروس ٹینڈر مطلوب ہے (ٹینڈر کو ہاتھ سے جمع کروانا قابل قبول نہیں ہوگا۔

| نمبر شمار | تفصیل ٹھیکہ | ٹینڈر فارم کی قیمت | ٹینڈر فارم حاصل کرنے کی آخری تاریخ | ٹینڈر فارم وصولی کی آخری تاریخ و وقت | ٹینڈر جمع کرانے کی تاریخ اور وقت | زرضمانت بشکل کال ڈیپازٹ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ا۔ | مین کینٹین اے ٹی ایچ | 1500 روپے ناقابل واپسی | | | | تین ماہ کرائے کے برابر |

## شرائط

**(ٹینڈر Criteria بڈنگ دستاویزات کا حصہ ہے)**

1. ٹینڈر فارم / کاغذات مجوزہ فیس ناقابل واپسی کی ادائیگی پروکیورمنٹ آفس سے مقررہ تاریخ تک حاصل کئے جاسکتے ہیں۔
2. ٹینڈر فارم ادارہ ہذا کی ویب سائٹ www.ath.pk.gov.pk پر موجود ہے۔
3. ہاتھ سے لکھا گیا ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔ ٹینڈر ریٹ ٹائپ شدہ قبول کیا جائے گا۔
4. معائدے کی معیاد معائدہ شروع ہونے سے تین سال ہوگی اور پہلے سال کے بعد ہر سال کرایے میں %10 اضافہ ہوگا
5. ٹینڈر یک مرحلہ دو بند لفافوں کی بنیاد پر ہوں گی۔ ٹینڈر دہندگان ایک لفافے کے اندر دو بند لفافے ڈالیں گے جن کے اوپر واضع طور پر علیحدہ علیحدہ لکھنا ہوگا۔ (ٹیکنیکل ٹینڈر) اور (فنانشل ٹینڈر)۔ مذکورہ بالا مقررہ تاریخ اور وقت کو ٹیکنیکل ٹینڈر حاضر ٹھیکیداروں یا ان کے مجاز نمائندوں کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ بعد میں ٹیکنیکل طور پر کامیاب قرار دیئے جانے ٹھیکیداروں / فرموں کی فنانشل ٹینڈر کھولے جائیں گے۔ ٹینڈر خیبر پختون خواہ ریپلک پریکیورمنٹ قوائد ضوابط 2014 کے مطابق پایہ تکمیل تک پہنچائے جائیں گے۔
6. ٹیکنیکل پروپوزل کے ساتھ۔ Evaluation of Hospital main Canteen contract criteria کے مطابق تمام دستاویزات و سرٹیفیکیٹ منسلک کئے جائیں جن کی بنا پر فرم و ٹھیکدار کے جانچ کی جائے گی۔ اور یہ ٹینڈر کا لازمی حصہ ہیں۔
7. (ا) بیان حلفی بابت سیکورٹی کے تین ماہ کرائے کے برابر فنانشل ٹینڈر کے اندر موجود ہے۔ بیان حلفی میں یہ بات بھی ظاہر کرنا ہوگی کہ وہ کسی محکمہ کا نادہندہ یا بلیک لسٹ نہیں ہے اور ٹینڈر کے ساتھ منسلکہ تمام کاغذات اس کے علم کے مطابق درست ہیں اور جعلی ثابت ہونے پر نہ صرف ٹینڈر منسوخ ہوگا بلکہ سیکورٹی بھی ضبط کر لی جائے گی۔

   (ب) فہرست ملازمین۔ مینیجر، کک، بیرے، ڈش واشر بمعہ تعداد و کاغذات و تجربہ نیز ان ملازمین کے لئے ضروری ہے کہ و سرکاری ادرہ سے ریٹائر ہوں یا تجربہ رکھنے والے اپنے کاغذات ساتھ لگانے ہوں گے۔

   (پ) ٹینڈر فیس جمع کرنے کی رسید۔

   (ت) ادارہ ہذا کے سابق و موجودہ ٹھیکداروں کو کلیرنس و کارکردگی سرٹیفیکیٹ منسلک کرنا ہوگا۔
8. صرف ٹیکنیکل میں کامیاب ٹھیکیداروں / فرموں کی زیادہ سے زیادہ پیشکش بطور کرایہ قبول کے جائے گی۔ ٹیکنیکل ٹینڈر میں ناکام ٹینڈر دہندگان کے فنانشل آفر من و عن واپس کئے جائیں گے۔
9. کسی قسم کی کٹنگ اوور رائٹنگ قابل قبول نہیں ہوگی۔
10. کینٹین کا ماہانہ کرایہ -/773,000 تجویز کیا گیا ہے۔ زیادہ سے زیادہ پیشکش دینے والے کنٹریکٹر و فرم کو کامیاب قرار دیا جائے گا۔ بجلی و گیس بل استعمال کے مطابق ہوگا اور جو ماہانہ اکاؤنٹس برانچ ایوب ٹیچنگ ہسپتال میں جمع کروانا ہوگا اور رسید کی نقل انچارج کنٹریکٹ کے پاس جمع کروانی ہوگی۔

11. کامیاب ٹینڈر دہندہ کو ہر ماہ 5 تاریخ تک ماہانہ کرایہ پیشگی جمع کرانا ہوگا۔ 5 تاریخ سے لیٹ کرایا جمع ہونے کی صورت میں 5 فیصد جرمانہ وصول کیا جائے گا۔ 2 ماہ تک مسلسل کرایہ نہ جمع کرنے کی صورت میں کنٹریکٹ منسوخ کر دیا جائے گا اور سیکورٹی ضبط کر لی جائے گی۔

12. کینٹین کے ملازمین کی ہر قسم کی ذمہ داری ٹھیکیدار کی ہوگی اور 18 سال سے کم عمر کا کوئی ملازم نہیں رکھا جائے گا۔ تمام ملازمین طبی معائنہ ٹھیکیدار کے خرچ پر میڈیکل آفیسر کرے گا۔ ملازمین پر لازم ہے کے وہ اپنے شناختی کارڈ ایف۔ ایم۔ ڈی ڈیپارٹمنٹ کے پاس جمع کرائیں۔

کینٹین کے ملازمین کو اسلحہ اور منشیات رکھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ انتظامیہ کسی قسم کے کریڈٹ (ادھار) کی ذمہ دار نہیں ہوگی۔ کینٹین کی حدود میں سگریٹ اور نسوار کی فروخت قطعاً اجازت نہیں ہوگی۔

13۔ ٹھیکیدار گورنمنٹ کے متعین کردہ ریٹ پر فروختگی یقینی بنائے گا۔ اور جن اشیاء کے ریٹ گورنمنٹ کے مہیا کردہ لسٹ میں شامل نہیں ہوں گے ان کے ریٹ ہسپتال انتظامیہ مہیا کرے گی۔ ٹھکیدار کی ذمہ داری ہوگی کے وہ منظور شدہ ریٹ واضع اور مناسب جگہ پر آویزاں کرے گا۔

14. باسی کھانا رکھنے و بیچنے کی صورت میں 10000 ہزار روپے جرمانہ اور غیر تسلی بخش صفائی کی صورت میں تین ہزار روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

15. کینٹین کی روزمرہ کی صفائی وستھرائی کی ذمہ داری ٹھیکیدار کی ہوگی۔ ہسپتال انتظامیہ یا افسر مجاز باقاعدگی سے صفائی کا معیار اندرون کینٹین اور بیرون کینٹین کا معائنہ کریگا اور کسی قسم کی شکایت کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ یا جرمانہ کیا جاسکتا ہے۔ اگر ٹھیکیدار کی کارکردگی تسلی بخش نہیں ہوگی تو ٹھیکہ منسوخ کیا جاسکتا ہے۔

16. کینٹین کے ملازمین کو متعین کردہ صاف وشفاف یونیفارم پہننا ہوگا جو کہ ٹھیکدار اپنے طور پر فراہم کرے گا۔

17. ٹھیکدار کسی دوسرے شخص کو ٹھیکہ تبدیل کرنے یا پٹے پر نہیں دے سکتا۔ اگر ٹھیکہ کسی دوسرے کو دیا گیا اور یہ ثابت ہوا تو ٹھیکہ منسوخ ہوگا اور سیکورٹی ضبط کی جائے گی۔

18. کینٹین ٹھیکیدار کوئی باسی اشیاء کا کھانا گاہکوں کو مہیا نہیں کرے گا۔ روزانہ تازہ کھانہ تیار کرے گا۔ اور ریفریجریٹر میں رکھا گیا کھانہ دوسرے دن استعمال نہیں کرے گا۔ باسی کھانے یا کسی اور مضر صحت اشیاء کی فروخت کی بابت کسی گاہک کو نقصان پہنچا تو ادارہ ذمہ دار نہیں ہوگا۔ بلکہ اس کی تمام تر ذمہ داری ٹھیکدار پر عائد ہوگی۔ ایک مرتبہ استعمال شدہ تیل یا گھی جو کسی بھی مستند برانڈ کا ہونا چاہئے دوبارہ استعمال کرنا منع ہوگا۔ مستند برانڈ کے بغیر کوئی چیز کینٹین میں فروخت کی اجازت نہیں ہوگی۔ خلاف ورزی کی صورت میں بھاری جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

19. سیکورٹی ڈیپازٹ معیاد ٹھیکہ ختم ہونے کے بعد کلیرنس سرٹیفیکیٹ لے کر واپس کی جائے گی۔

20. ٹینڈر منظوری سے پہلے کسی وقت بھی منسوخ کیے جاسکتے ہیں۔ ٹینڈر کی معیاد 90 دن ہوگی۔

21. کھانے اور چائے کی فروخت ہسپتال کے اندر منع ہوگی۔

22. ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر کی طرف سے جو ہدایت ہوں گی ان پر سختی سے عملدرآمد کرنا ہوگا۔

23. کھانے پینے کی تمام اشیاء سٹیل ٹرالی میں ڈھانپی ہوئی ہوں۔

24۔ کامیاب بولی لگانے والا منصوبے کے مطابق کنٹین کی تزئین و آرائش کرے گا اور تخمینہ لگانے کے بعد اس کی کل خرچے کا 50% فیصد حصہ ہسپتال برداشت کرے گا اور 50% فیصد ٹھیکدار برداشت کرے گا۔ نصب شدہ لوازمات ہسپتال کی ملکیت بن جائیں گی اور ٹھیکدار معاہدہ کے اختتام پر نصب شدہ لوازمات پر کوئی دعوی نہیں کرے گا۔

25۔ فرم و ٹھیکدار کو ٹیکنیکل آفر کے ساتھ رینویشن پلان جو کے ادارے کی طرف سے ٹیکنیکل Evaluation فارم کے ساتھ دیا جائے گا۔ ٹھیکدار بمطابق پلان کینٹین کی رینویشن کرنے کا پابند ہے مزید براں ٹھیکدار ماہانہ کرایہ رینویشن پلان کو مدنظر رکھ کر کرائے کی پیشکش کرے۔

26۔ معاہدہ رینویشن پلان کے ختم ہونے کے بعد شروع ہوگا انجنیئر رینویشن پلان کے مکمل کرنے کا مناسب وقت دے گا۔

27. مندرجہ بالا کسی بھی شک کی خلاف ورزی کی صورت میں کنٹریکٹ کی منسوخی و جرمانہ ہوگا۔

28. ہسپتال انتظامیہ کسی بھی وقت ایک مہینہ کے نوٹس پر کینٹین خالی کرائی جاسکتی ہے اور ٹھیکدار اس کے خلاف کوئی قانونی چارہ جوئی کا حق نہیں رکھے گا۔ مذکورہ بالا شرائط میں نے بغور پڑھ لی ہیں اور ان کے مطابق کینٹین چلانے کا پابند ہوں گا۔

2/1/09

29۔ ہاسپٹل ڈائریکٹر کی جانب سے ایک نگراں مقرر کیا جائے گا جو کے اس بابت یقینی بنائے گا کے مذکورہ معائدے کی شقوں پر عمل درآمد عمدہ طریقے سے ہو رہا ہے۔ کسی بھی اختلاف / تنازعہ کی صورت میں معاملہ ہاسپٹل ڈائریکٹر کے سامنے لایا جائے گا اور ہاسپٹل ڈائریکٹر دونوں پارٹیوں کو سن کر جو فیصلہ کرے گا وہ حتمی ہوگا۔

30۔ ہسپتال ڈائریکٹر کی جانب سے بنائی گئی فوڈ کمیٹی اس بات کو یقینی بنائے گی کے معاہدے کی تمام شقوں پر عمل درآمد ہوگا۔ فوڈ کمیٹی ہر ماہ اپنی رپورٹ ہسپتال ڈائریکٹر کو جمع کرائے گی۔

ڈاکٹر سونا خان (ممبر)

واسر خان پرکیورمنٹ آفیسر AMC (ممبر)

مرتضی خان انچارج پرکیورمنٹ (ممبر)

24/09/2024

ڈاکٹر طارق عباسی Anesth i/cATH (چیرمین)

ہاسپٹل ڈائریکٹر

ایوب تدریسی ہسپتال ایبٹ آباد۔